جہاں تک مشاعرے کی انتظامی بدنظمی کا تعلق ہے مجھے محترمہ کی باتوں سے کلی اتفاق ہے کہ مشاعرہ اس لحاظ سے بالکل ناکام رہا۔ "مشاعرہ" ہمارا تہذیبی اثاثہ ہے اور ہمارے معاشرے اور تمدن کا گم شدہ بھی۔ ان اعلیٰ اقدار کی حفاظت اور حرمت ہر اردو دان پر عموماً اور ہم پاکستانیوں پر خصوصاً عائد ہوتی ہے۔ اسی نیو یارک شہر میں اور بھی کئی مشاعروں میں مجھے جانے کا اتفاق ہوا ہے جہاں نظم و ضبط کی پابندی شعراء اور سامعین کی شائستہ مزاجی اور ان کی باہم ادبی اور مہذب نوک جھونک سے واقعی طبیعت خوش ہو گئی۔ لیکن اس مشاعرے میں ہر شاعر کی جو درگت بنائی گئی اور جس جس طرح ان پر آوازے کسے گئے وہ کسی اسکول یا ہائی اسکول کے فرسٹ ایئر کے طلباء کی خام ذہنیت سے بھی گئی گزری تھی۔ یہاں کے پڑھے لکھے اور تعلیم یافتہ حلقے سے ایسی بچکانہ اور طفلانہ حرکتوں کی قطعی امید نہ تھی۔ افسوس تو یہ ہے کہ اراکین "مسلم کلب" نے بھی اس کی روک تھام اور سدِ باب کی کوئی بھی کوشش نہیں کی بلکہ شعراءِ کرام کی تذلیل اور تضحیک کی قیادت کی سربراہی "توحید" کے علمبرداروں نے بھی نام نہاد "خلاف لفظا" گروپ کو بنا کر اپنے آپ کو ان آلائشوں سے پاک و صاف ظاہر کرنے کی معصوم سی کوشش کی ہے۔ وہ یہ بالکل بھول گئے کہ شعراء ان کے معزز مہمان خصوصی تھے، ان کی تذلیل "مسلم کلب" کی تذلیل اور ہماری تہذیبی اور قومی اقدار کی بے حرمتی تھی جو ہم پاکستانیوں کے بالکل شایانِ شان نہیں!

ایک سنجیدہ پاکستانی

ایس ایم احمد

(نیو یارک)

ایک اور دوست راجہ دل نواز [illegible] ورزش کے طریقے بتا رہے تھے [illegible] عاشق صاحب کی توجہ ان کی طرف [illegible] دیکھیں۔ انھوں نے [illegible] کاغذ ہاری [illegible] بڑھا دیا [illegible] لکھا تھا [illegible] مٹر کا سوپ [illegible]

"مٹر سوپ کے لیے آدھی چھٹانک مٹر کی دال لیں۔ پھر پیاز کو چھیل کر اپنے بازوؤں کو سختی سے پھیلا دیں۔ پھر اس کا کچومر نکال لیں اور دال اپنی اصلی جگہ پر لا بٹھائیں۔ اب ایک دیگچی میں مٹر کی دال پیاز کا کچومر، دس پیالی ٹھنڈا پانی، نمک اور اپنے بازوؤں کو ڈال کر اپنے ہی کی طرف پھیلا دیں اور پھر آنچ پر رکھ دیں۔ پھر انھیں اپنی جگہ لا کر جب مٹر اور پیاز گل جائیں تو انھیں اوپر کی طرف لے جائیں۔ اب انھیں ایک باریک چھلنی میں چھان لیں اور پانچ منٹ تک اس عمل کو دہرائیں۔ پھر پھوک پھینک دیں۔ کچھ دیر آرام کریں۔ اب اس سوپ میں مکھن ڈال کر سیدھے کھڑے ہو جائیں۔ پھر ٹانگوں کو پھیلا کر آنچ پر رکھ دیں۔ پھر جھک کر دائیں ہاتھ سے دس منٹ پکائیں۔ پھر بائیں پاؤں کے انگوٹھے کو چھوئیں۔ پھر دودھ، نمک اور کالی مرچ ڈال کر سیدھے کھڑے ہو کر فوراً آنچ سے اتار لیں۔ اب بائیں ہاتھ سے ڈبل روٹی کے سلائس کے سخت کنارے اور دائیں پاؤں کے انگوٹھے کو چاروں طرف سے کاٹ لیں۔ اس دوران آپ کے گھٹنوں میں بل نہیں آنا چاہیے۔ اب ایک کڑھائی میں چت لیٹ جائیں۔ گھی ڈال کر پاؤں کی ایڑیاں آنچ پر رکھ دیں۔ پھر اس میں ڈبل روٹی کے ٹکڑے تل لیں۔ بادامی ہو جائیں تو ٹانگیں اوپر اٹھائے رکھیں۔ اب ایک جگ کو کاغذ پر اتار لیں۔ تاکہ فاضل گھی کاغذ میں جذب ہو جائے۔ گرم گرم سوپ گہری پلیٹوں میں نکال لینے کے بعد اوپر لے جائیں۔ پھر اس میں تلی ہوئی ڈبل روٹی کے ٹکڑے ڈال کر اس ٹانگ کو پیچھے لا کر پیش کریں۔ پھر دوسری ٹانگ اوپر لے جائیں۔ خیال رہے کہ سوپ کو گرم کرنے کے بعد ڈبل روٹی کے ٹکڑے ڈالے [illegible]"

محمد اقبال - جارج ٹاؤن

(اسٹیلیو)

مٹر کا سوپ

محترمی!

[illegible] ایک [illegible] صاحب [illegible] سوپ [illegible] میں [illegible] اور [illegible] "مٹر کا سوپ" بنانے کی ترکیب شائع ہوئی ہے [illegible] مطالعے کے بعد یہ [illegible]

ایک شعر

جیتے جی چین کہاں ملتا ہے دیوانوں کو
موت کے ہاتھوں کئی کام سنور جاتے ہیں

ڈاکٹر نور احمد شیخ - [illegible]

[illegible]

[illegible]

بوں گیڈر بنائے قوم آخر
تھا ہمیں کو کسی چلن کا شعور

شو لیاں اب بھی مسکراتی ہیں
جانے کیوں سو گئے ہیں سب منصور

دار پر کھنچو، پھول برساؤ
اہلِ دنیا کا ہے یہی دستور

میرے ذوقِ ستم کشی کے طفیل
سرفروشی بھی ہو گئی مشہور

قطعہ

مصرِ عالم میں کہیں گرمئ بازار نہیں
یوسفِ دل کا مرے کوئی خریدار نہیں
عمر بھر مجھ کو رہی اوجِ ثریا کی تلاش
آج میں اپنے نشاں کا بھی طلبگار نہیں

میر عبد الباسط نعیم

(نیو یارک)



[illegible]

مرد و عورت

اکثر ایسی صورت حال سے سابقہ پڑتا ہے کہ دن بھر کے تھکے ہارے گھر پہنچو تو دیکھتے کیا ہیں کہ بیگم صاحبہ کا منہ پھولا ہوا ہے وہ شوہر کی خدمت میں تو حسب معمول ضرور مصروف ہیں لیکن دل میں کوئی طوفان امنڈ پڑنے کو جیسے تیار ہے۔ بیچارا شوہر لاکھ غور کرتا ہے لیکن کوئی وجہ بھی اس کی سمجھ میں نہیں آتی۔ مجبور ہو کر بیگم سے پوچھتا ہے کہ [illegible] آج صبح سے [illegible] کیوں بیٹھی ہو، کیا بات ہے، کس بات پر ناراض ہو رہی ہیں۔

جواب میں لبوں کی بجائے پلکیں حرکت میں آتی ہیں۔ اور الفاظ کی بجائے آنسوؤں کی ایک لڑی جاری ہو جاتی ہے۔

پھر بڑی دیر بعد معلوم ہوتا ہے کہ آج شادی کی سالگرہ تھی، یا بیگم کی سالگرہ تھی یا ننھے میاں کی سالگرہ تھی یا ایک ہفتہ قبل آج کے دن بیگم سے حلوہ کھانے یا شاپنگ کرانے کا وعدہ کیا گیا تھا اور جناب شوہر صاحب حسب عادت بھول چکے تھے۔

ارے بیگم تو کون سا پہاڑ ٹوٹ پڑا ابھی کر لیتے ہیں بندوبست؟

بس رہنے دیجئے بندوبست تو سب میں نے کر رکھا ہے۔ مجھے کیا پتہ نہیں آپ کی عادت کا؟

ارے تو پھر رونا دھونا کس بات کا، ہم تو شرمندہ ہو گئے؟

جی ہاں آپ کے شرمندہ ہونے سے کیا ہوگا، روز میں اپنی قسمت کو رو رہی ہوں۔ بھلا کون ایسا کم بخت ہوگا جو اپنی بیوی کی سالگرہ یوں بھول جائے، دیکھئے نہیں مرزا صاحب .....

اور شوہر سوچ میں پڑ جاتا ہے کہ آخر یہ عورتیں اتنی زود رنج کیوں ہوتی ہیں جو اتنی جلدی ذرا سی بات پر دل برداشتہ کیوں ہو جاتی ہیں۔ اگر کبھی بیگم مجھ سے کیا ہوا کوئی وعدہ یا میری سالگرہ کا دن بھول جاتی ہیں تو میں تو کبھی ایسی دل برداشتگی اور مایوسی محسوس نہیں کرتا نہ اس طرح ان سے شکایت کرتا ہوں۔

یہی موقع ہوتا ہے جب مرد سوچتا ہے کہ عورت تو ہے ہی ایک معمہ جسے آج تک کوئی نہیں سمجھ سکا۔ اور اسی بنیاد پر فیصلہ کرتا ہے کہ عورت ہوتی ہی شدید طور پر جذباتی ہے اور اس میں سوچنے سمجھنے کی صلاحیت نسبتاً کم ہوتی ہے۔

جذبات کے اظہار میں عورتوں کے اس شدید رویے سے تو انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ عورتیں مردوں کے مقابلے میں زیادہ حساس یا جذباتی ہوتی ہیں صحیح نہیں۔ حقیقتاً مرد اور عورت یکساں طور پر جذباتی ہوتے ہیں اور غور و فکر کی یکساں صلاحیت رکھتے ہیں۔ فرق صرف اظہار جذبات کے انداز اور طریقے میں ہوتا ہے... اظہار جذبات کا یہ فرق دراصل خود ہمارے معاشرے کا پیدا کردہ ہے۔ معاشرے میں مردوں سے جو توقعات وابستہ کی جاتی ہیں انہی کے لحاظ سے مردوں میں ان اوصاف کی توقع بھی کی جاتی ہے جو ان توقعات کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہیں۔ مثلاً مردوں کے کندھے پر معاشرے کے انتظام و انصرام حفاظت اور کسب معاش کی ذمہ داری ہے تو معاشرہ ان سے توقع رکھتا ہے کہ وہ مضبوط جسم و اعصاب کے حامل ہوں اور ان میں وافر مقدار میں قوت برداشت موجود ہو۔ گویا ضبط برداشت، استقلال اور قوت مردانہ صفات ہیں اور بچہ شروع ہی سے یہ جان لیتا ہے کہ اسے یہ خصوصیات اپنے اندر پیدا کرنی ہیں۔

اس کے مقابلے میں معاشرہ عورت سے نرمی، نزاکت اور جذبات کے فوری اظہار کی توقع رکھتا ہے کہ صدیوں سے انہی اوصاف کو نسوانی اوصاف مانا جاتا ہے۔ نتیجتاً انہی باتوں اور حرکات پر جنہیں مرد ضبط کر کے چپ رہتا ہے یا خاموشی سے عمل میں لگ جاتا ہے عورتیں فوراً اپنا ردعمل پوری شدت سے ظاہر کرنا شروع کر دیتی ہیں۔ یہی رویہ اس بات کا سبب ہے کہ معمولی باتوں سے بھی ان کے جذبات کو ٹھیس پہنچتی ہے اور وہ فوراً آنکھوں میں آنسو بھر لاتی ہیں۔

اب اگر یہ بات طے سمجھ لی جائے کہ ایک صنف کی حیثیت سے عورتیں مردوں کے مقابلے میں زیادہ شدت سے خوشی اور غم کے جذبات کا اظہار کرتی ہیں تو یہ دلچسپ سوال سامنے آتا ہے کہ عورتوں اور مردوں کے کردار کی واضح تقسیم آخر کس طرح عمل میں آتی ہے۔

اس سوال کا جواب بڑی آسانی سے یوں دیا جا سکتا ہے اگر ہم بچے کی پیدائش سے لے کر اس کی بلوغت تک کی نشوونما کے تمام ادوار پر ایک نظر ڈال لیں۔ اور اس تجزیے کے بعد ضرورت سے زیادہ حساسیت کا تدارک بھی کیا جا سکتا ہے کیونکہ ظاہر ہے ضرورت سے زیادہ جذباتی ہونا ہر لحاظ سے تکلیف دہ ثابت ہوتا ہے اور دوسروں سے تعلقات کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہے۔

ہر انسان اپنی زندگی کی ابتدا سے مختلف جذباتی ادوار سے گزرتا ہوا بلوغت تک پہنچتا ہے۔ بلوغت سے مراد عمر کا وہ حصہ ہے جب فرد اپنے آپ کو، اپنی شخصیت اور انفرادیت کو پوری طرح پہچان لے اور اس سے کام بھی لے سکے۔ اکثر لوگ تیرہ اٹھارہ سال کی عمر تک نفسیاتی طور پر بالغ ہو جاتے ہیں۔ بعض بہت سے چند سال بعد یا بعض مرتے دم تک جذباتی لحاظ سے بالغ نہیں ہوتے اور سدا سہاروں کی تلاش میں رہتے ہیں۔

بلوغت تک پہنچنے کے لیے پہلے دو ادوار لڑکے اور لڑکی کے لیے مشترک ہیں۔ پیدائش کے فوراً بعد بچے کی تمام ضروریات کا مرکز اس کا منہ ہوتا ہے یہ چوسنے کھانے چبانے اور کاٹنے کا دور ہوتا ہے اگر اس دور میں بچے کی تمام ضروریات توجہ اور محبت سے پوری ہوتی رہیں جن میں ماں کا کردار سب سے اہم ہے۔ تو پھر ڈیڑھ دو برس کی عمر میں بچہ اپنی نشوونما کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو جاتا ہے۔ اس دوسرے دور میں بچہ صفائی ستھرائی کی عادتوں سے آشنا ہوتا ہے۔ اور اس کے بدلے میں محبت اور شفقت و توجہ کا خواہاں ہوتا ہے۔ اسی دور میں وہ اپنے اوپر کچھ کنٹرول کرنا بھی سیکھتا ہے اپنے آپ کو پیشاب روکنے کے سلسلے میں نظم و ضبط کا عادی بنانے کی کوشش کرتا ہے۔

اس کے بعد نشوونما کا تیسرا دور شروع ہوتا ہے جو تین سے چھ سال کی عمر کے درمیان ہوتا ہے۔ اس دور میں بچے کو اپنے لڑکا یا لڑکی ہونے کی تمیز پیدا ہوتی ہے۔ وہ اپنی صنف کو محسوس کر کے اس کی خصوصیات پر نظر رکھنے لگتا ہے اور یہی وہ مقام ہے جہاں سے جذباتی اٹھان کے لحاظ سے لڑکے اور لڑکی کے راستے الگ الگ ہو جاتے ہیں۔

لڑکا جو شروع سے ہی ماں کے قریب رہا ہوتا ہے اب ماں کو کلی طور پر اپنی ذاتی ملکیت سمجھنے لگتا ہے۔ وہ اپنے باپ کو اپنا مقابل اور حریف سمجھنے لگتا ہے جو اس کے خیال میں خواہ مخواہ اس کی ماں کی محبت اور توجہ میں حصہ دار بنا ہوتا ہے۔

اس موقع پر سمجھدار مائیں بڑے سلیقے سے اپنے آپ کو بیٹے سے ذرا دور کھینچ لیتی ہیں اور اس کی طرف سے ذرا توجہ ہٹا کر ایک جذباتی ٹھیس پہنچا دیتی ہیں۔ گویا بچے کی زندگی کا پہلا "گھونٹ" ہوتا ہے۔ لڑکا ردعمل کے طور پر باپ کی طرف دیکھتا ہے اور یہی وہ وقت ہوتا ہے جب ایک باشعور باپ بازو پھیلا کر لڑکے کو اپنی محبت بھری آغوش میں لے لیتا ہے تاکہ اب لڑکا باپ کو اپنا آئیڈیل مان کر خالص مردانہ خصوصیات اپنائے۔ اس موقع پر باپ کی طرف سے گویا بچے کو یہ پیغام ملتا ہے کہ:

"دیکھو تمہاری ماں کبھی پورے طور پر تمہاری نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ میری بیوی ہے مگر تم یہ خیال چھوڑ دو اور میری طرح ایک مکمل مرد بن جاؤ تو پھر یقین رکھو کہ تم بھی اپنے لیے ایک عورت حاصل کر سکو گے۔"

جب نشوونما کا یہ دور بخیر و خوبی پورا ہو جائے تو پھر وہ بچہ اس راستے پر چل پڑتا ہے کہ مکمل مرد بن کر زندگی کے میدان عمل میں پورے اعتماد و قوت، عزم اور برداشت سے مسلح ہو کر قدم رکھنے کے قابل ہو جائے۔ کڑے سے کڑے وقت کو ہنس کر ٹال دینا اس کی شان بن جائے۔ گویا اس کی ماں کا ایک وقت آہستگی سے اسے ٹھکرا دینا، استقلال سے رہنے کا اصل درس دیتا ہے۔ اور وہ ایک مکمل مرد بن کر ابھرتا ہے۔

اس کے مقابلے میں لڑکی کے یہ جذباتی ادوار بہت نازک اور پیچیدہ ہوتے ہیں اسے ایک مکمل عورت بننے کے لیے ماں باپ کی ایک کی بجائے دو ٹھوکریں کھانی پڑتی ہیں۔ دل پر دو زخم سہنے پڑتے ہیں جب وہ ایک عورت بنتی ہے۔

شروع کے دو ادوار میں لڑکی بھی پوری طرح ماں پر انحصار کرتی ہے... اسے مکمل طور پر اپنی ملکیت سمجھتی ہے اور یہ محبت ایک جنس کے دو افراد کے درمیان ہوتی ہے۔ لیکن جب اس کی نشوونما کا تیسرا دور شروع ہوتا ہے تو یہ محبت غیر فطری رخ اختیار کر لیتی ہے۔ یعنی ایک عورت کی ایک عورت سے محبت، اگر اس محبت کو بروقت نہ ہٹایا جائے تو اس بات کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں کہ وہ بھی ساری عمر اپنی ہم جنسوں سے محبت کرے اور مرد سے محبت نہ کر سکے۔

چنانچہ یہ وقت ہوتا ہے جب ایک سمجھدار ماں اپنی بچی کو اپنے سے پرے کر کے باپ کے قریب کرنے کی کوشش کرتی ہے تاکہ وہ جنس مخالف سے محبت کرنا سیکھے۔ چنانچہ باپ اسے اپنی شفقت کی گود میں سمیٹ لیتا ہے۔

کیونکہ جنس مخالف سے محبت کا جذبہ فطری ہے اس لیے بچی بہت جلد باپ سے بھی اپنا محبت کا رشتہ استوار کر لیتی ہے جیسا ماں سے تھا لیکن اس کے باوجود ماں کی طرف سے لگی پہلی ٹھوکر کا صدمہ اس کے ذہن کے اندر [illegible] گوشوں میں محفوظ رہتا ہے۔

جب لڑکی اپنی تمام تر محبت اپنے باپ پر مرکوز کر دیتی ہے تو اپنے خیال میں وہ اپنی ماں کی جگہ لے لیتی ہے اور باپ بیٹی کی بھرپور محبت سے سرشار ہوتا ہے۔

لیکن اس وقت باپ کی یہ ذمہ داری بھی ہوتی ہے کہ وہ اپنی بیٹی کو [illegible] کے لیے اس کے ساتھ عورتوں جیسا سلوک کرنا ترک کر دے اور جذباتی لحاظ سے اسے واپس ماں کی طرف لوٹا دے۔ تاکہ لڑکی دوبارہ ماں کو اپنا آئیڈیل مان کر اس جیسی بننے کی کوشش کرے۔ باپ کا لڑکی کو اس طرح رد کرنا وہ دوسری ٹھوکر ہے جو لڑکی کو سہنی پڑتی ہے اگرچہ وہ دوبارہ ماں سے وابستہ ہو جاتی ہے لیکن یہ دوسرا صدمہ بھی اس کے دل میں بیٹھ جاتا ہے۔ اس موقع پر گویا باپ اس سے کہہ رہا ہوتا ہے کہ:

"بیٹی تم ایک اچھی بہت پیاری لڑکی ہو لیکن تم میری نہیں ہو سکتیں کیونکہ میری بیوی ہے وہ دراصل تمہاری ماں ہے۔ اگر تم یہ خیال دل سے نکال دو اور اپنی ماں جیسی ۲

۲ مکمل اور اچھی عورت بن جاؤ تو پھر جب تم بڑی ہو جاؤ گی تو اپنا ایک مرد پا لو گی۔"

لڑکی اس پیغام کو بخوبی سمجھتی ہے اور اپنے آپ کو ماں کے مطابق ڈھال بھی لیتی ہے۔ لیکن دو دفعہ ٹھکرائے جانے سے وہ اپنے آپ کو پنگ پانگ کی گیند سمجھنے لگتی ہے جو کبھی ادھر ہوتی ہے کبھی ادھر۔ اور یہی احساس عورت کے احساسات میں وہ نزاکت اور جذباتیت پیدا کر دیتا ہے جسے معاشرہ "عورت پن" کا نام دیتا ہے اور جس کی توقع عورت سے رکھتا ہے۔ یعنی ذرا سی بات میں افسردہ اور ذرا سی بات میں خوش۔ جذبات کا فوری اور شدید اظہار۔ لڑکی کی جذباتی نشوونما کا یہ راستہ مشکل ضرور ہے لیکن اس کا انجام ایک مکمل اور متوازن عورت ہے۔

بہت سے والدین بچوں کی تربیت کے ان نازک ادوار کا خیال نہیں رکھتے۔ نتیجتاً بچوں کی شخصیت میں کئی ایسے کمزور پہلو رہ جاتے ہیں جو ذرا سی ٹھیس لگتے ہی آشکار ہو جاتے ہیں اور پریشانی کا سبب بنتے ہیں۔

مثلاً جس وقت ماں بچی کو باپ کی طرف دھکیل رہی ہوتی ہے۔ اگر اس وقت خود باپ کا رویہ اس ننھی سی عورت کے ساتھ سخت ہوگا۔ یا وہ خود اپنے غصے کے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے گا تو نتیجے کے طور پر وہ بچی ساری عمر کے لیے مرد سے خوفزدہ ہو جائے گی یا نفرت کرنے لگے گی۔ پھر کبھی بھی مرد کی ذرا سی عدم توجہی یا سخت بات اس کے لیے سوہان روح ثابت ہو جائے گی اور وہ ایک صحت مند متوازن عورت نہیں بن سکے گی۔

یہیں سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ جو خواتین ضرورت سے زیادہ حساس اور زود رنج ہیں انہیں اپنے ماضی اور بچپن پر نظر ڈالنی چاہیے۔ اگر انہیں یہ محسوس ہو کہ بچپن میں ان کے والدین نے ان کی جذباتی ضروریات پوری کرنے میں کوتاہی کی ہے تو اپنی موجودہ پریشانیوں کا سبب اور حل خود بخود ان کے سامنے آ جائے گا۔

یاد رکھئے آپ کی آج کی تمام جذباتی مشکلات اور مسائل کی جڑیں آپ کے ماضی میں ہیں۔ ان بنیادوں کا علم ہی وہ قدم ہے جو خواتین کو ضرورت سے زیادہ حساس ہونے سے بچا کر دوسروں کی شکایت سے دور کر سکتا ہے کہ جو تمہیں ان کی سمجھ میں نہیں آتیں۔ ——

لذتِ کام و دہن

۱۔ بکرے کی چاپ

اشیاء: چاپ آدھ سیر، تلنے کے لیے بناسپتی گھی ایک پاؤ، ہرا دھنیا، ہری مرچیں، پودینہ، گرم مصالحہ، خشک دھنیا اور سفید زیرہ۔ یہ سب چیزیں [illegible] اور دو عدد انڈے۔

تیاری:

ہرا دھنیا، پودینہ، ہری مرچیں، نمک اور سرخ مرچیں۔ یہ سب چیزیں پیس کر پتیلی میں ڈالیں اور ساتھ پانی ڈالیں کہ چاپ گلنے تک خشک ہو جائے۔ انڈے توڑ کر پھینٹ لیں۔ اور ان میں پسا ہوا گرم مصالحہ، خشک دھنیا اور سفید زیرہ ملا لیں۔ اب چاپ اس میں ڈال ڈال کر گھی میں تل لیں۔

۲۔ ثابت ران

اشیاء: سیر سوا سیر کی ایک ران یا دستی۔ سرکہ چائے کی ایک پیالی، ادرک آدھ چھٹانک، کالی مرچیں چوتھائی چھٹانک، گھی آدھ پاؤ۔ اور نمک حسب پسند۔

تیاری: ران کو کانٹے سے خوب اچھی طرح گود دیں۔ ادرک باریک پیس لیں۔ اس میں کالی مرچیں اور نمک بھی پیس کر ملا دیں اور یہ سب سرکہ میں ملا لیں۔ اب یہ مصالحہ چمچے سے ران کے اوپر ڈال ڈال کر اسے ران میں جذب کر دیں۔ دو ڈھائی گھنٹے یہ ران اسی طرح رکھی رہنے دیں۔ پھر ایک پتیلی میں گھی ڈال کر ران کو تھوڑی دیر اس میں بھونیں۔ اس کے بعد ایک دوسری پتیلی میں تھوڑا سا پانی ڈال کر ران کو گلا لیں۔ اس کے بعد اسے دوبارہ گھی میں سرخ کر کے پیش کریں۔

پاکستان تاریک دور سے گذر کر ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے

یومِ استقلال پر قوم کے نام وزیراعظم کا پیغام

اسلام آباد۔ اگست (اے پی پی) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ اگرچہ پاکستان قائم ہوئے ۲۷ برس گذر چکے ہیں ...

بھارت نے پاکستان کی سالمیت کے احترام اور عدم جارحیت کا یقین دلا دیا

پاکستان بڑی طاقتوں سے ایٹمی حملے سے تحفظ کی ضمانت حاصل کرنے کی کوشش جاری رکھے گا

بھارتی ایٹمی دھماکہ ہمسایہ ممالک اور عالمِ اسلام کے لیئے زبردست چیلنج ہے

ایٹمی اسلحہ کی تیاری میں بھارت اور اسرائیل تعاون کر رہے ہیں: سیکرٹری جنرل مسلم ورلڈ لیگ

مجیب انتظامیہ کی بدعنوانیوں کے باعث بیرونی امداد سیلاب زدگان تک نہیں پہنچ رہی

حکومت امدادی کارروائیوں میں ڈھاکہ کو ترجیح دے رہی ہے: بی بی سی

ماہرین نے تربیلا بند کی تمام سرنگیں فوراً کھول دینے کا مشورہ دے دیا

اصل بند کو بچانے کے لیے جھیل کی سطح جلد از جلد کم ہونی چاہیئے: امریکی مشیر

بھارت پاکستان کے خلاف طاقت استعمال نہیں کریگا اور اس کی سالمیت کا احترام کیا جائے گا

مذاکرات شروع کرنے سے پہلے پاکستان کو بھارت کی یقین دہانی

اسلام آباد اور نئی دہلی سے عزیز احمد، سورن سنگھ خط و کتابت کی تفصیلات جاری کر دی گئیں

ترک فوج کا مشن مکمل ہو چکا ہے، ہم جینوا میں مذاکرات کے لیئے تیار ہیں: بلند ایجوت

صدر کلیریڈیز نے جنگ بندی قبول کر لی، امریکہ نے ہم سے بیوفائی کی ہے: یونانی وزیرِ خارجہ

سوئی دھاگے پر برآمدی ڈیوٹی ختم کر دی گئی

پاکستان اور بھارت کے دونوں صدر تحصیل کھاریاں سے تعلق رکھتے ہیں

بُنیادی حُقوق بحال کر دیے گئے

ہنگامی حالت برقرار رہے گی

قبرص میں جلد سول حکومت بحال کر دی جائے گی

ہم مزید علاقہ نہیں چاہتے ہمارے مقاصد حاصل ہو چکے ہیں: ترک وزیر اعظم



نکوسیا۔ (اے پی پی) ترک فوجوں نے قبرص کے مقبوضہ علاقوں میں اپنی پوزیشن کو مستحکم بنا لیا ہے اس وقت ترکوں کے پاس قبرص کا ایک تہائی علاقہ ہے اور انہوں نے قبرص کو عملی طور پر دو حصوں میں تقسیم کر رکھا ہے ...

تخریب کاروں کو قطعاً ڈھیل نہیں دی جائے گی

پارلیمنٹ کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں وزیر اعظم کا خطاب

راولپنڈی۔ ۱۵ اگست (اے پی پی) ... آج ملک میں عوام کے بنیادی حقوق بحال کر دیئے گئے ہیں تاہم ہنگامی حالت بعض ناگزیر وجوہ کے سبب برقرار رکھی گئی ہے۔ وزیر اعظم بھٹو نے پارلیمنٹ کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے ... اعلان کیا کہ کوئی شہری بنیادی شہری حقوق کے نفاذ کے لئے عدالتوں سے رجوع نہیں کر سکتا ...

ہنگامی حالت برقرار ہے اور وزیر اعظم نے کہا کہ ... ہنگامی حالت کی اعلان ختم نہیں کی جا سکتی ...

مذاکرے سے کشمیر کے بارے میں پاکستان کے موقف پر کوئی اثر نہیں پڑے گا

آزاد کشمیر کے مسئلے میں تبدیل نہیں کیا جا سکتا: آل جموں کشمیر مسلم کانفرنس کی مجلس انتظامیہ سے وزیر اعظم کا خطاب



وزیر اعظم نے کہا کہ ... کشمیر کے عوام کے حق خود ارادیت ... آزاد کشمیر کا قانون ساز اسمبلی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

پارلیمنٹ کی نئی عمارت تین برس میں ۹ کروڑ روپے میں مکمل ہو گی

اسلام آباد۔ ۱۵ اگست (اے پی پی) پارلیمان کی نئی عمارت جس کا وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے گزشتہ روز سنگ بنیاد رکھا ہے تین برس کی مدت میں ۹ کروڑ ۹۹ لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل ہو گی۔ ... پارلیمان کی عمارت پانچ منزلوں پر مشتمل ہو گی ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سنگ بنیاد اسلامیہ جمہوریہ پاکستان کے وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ۱۴ اگست ۱۹۷۴ء کو رکھا۔

وزیر اعظم آج مسلم کانفرنس کے اجلاس سے خطاب کریں گے

راولپنڈی۔ (اے پی پی) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو ... آل جموں اینڈ کشمیر مسلم کانفرنس ... سے خطاب کریں گے ...



وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو پارلیمنٹ کی نئی عمارت کا ماڈل دیکھ رہے ہیں۔

بہار کے شہر میں طلبا پر پولیس کی فائرنگ

ایک طالب علم ہلاک، چھ زخمی

نئی دہلی۔ (اے پی پی، رائٹر) گزشتہ روز پولیس فائرنگ سے صوبہ بہار کے شہر ... میں ایک طالب علم ہلاک اور چھ شدید زخمی ہو گئے ...

ہنگامی حالت بھی ختم ہونے کا امکان ہے: بی بی سی

لندن۔ ... بی بی سی برٹش براڈکاسٹنگ کارپوریشن نے ... پاکستان میں بنیادی حقوق کی بحالی ...

کولمبو میں پاکستانی باکسر نے طلائی تمغہ جیت لیا

اسلام اور نظریہ پاکستان کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا: کوثر نیازی

رسول خدا اور مقدس کتابوں کے خلاف عقیدہ رکھنے پر احمد فراز کو برطرف کر دیا گیا

کراچی۔ (اے پی پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مولانا کوثر نیازی نے ... بتایا کہ ...

امریکہ اور پاکستان کے دیرینہ تعلقات برقرار رہیں گے: ڈاکٹر کسنجر

اسلام آباد۔ (اے پی پی) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کو امریکہ کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ہنری کسنجر کی طرف سے ایک پیغام موصول ہوا ہے جس میں انہوں نے یہ یقین دلایا ہے کہ امریکہ اور پاکستان کے دیرینہ تعلقات بدستور استوار رہیں گے ...

قاہرہ میں غیر ملکی سیاحوں کے داخلے پر پابندی

جدہ میں ۲۶ اسلامی ملکوں کے وزرائے خزانہ کا اجلاس شروع ہو گیا

پاکستان کی تائید سے بنگلہ دیش کو بھی اسلامی ترقیاتی بینک کا رکن بنا لیا گیا

حضرت علیؓ کی سیرت مسلمانوں کے لئے مشعل راہ ہے

امن، خوشحالی اور ترقی کے لئے اسلام کے سنہری اصولوں کو اپنانا ضروری ہے

صنعتی اور زرعی پیداوار بڑھانے والوں کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کی جائے گی

بیروزگاری اور مہنگائی پر قابو پانے کے لیے پیداوار میں اضافہ ضروری ہے: حنیف رامے

مغربی و مشرقی پاکستان میں دو قومی نظریہ آج بھی ایک زندہ حقیقت ہے

مذہب حائل نہ ہوتا تو بھارت بنگلہ دیش کو ہڑپ کر چکا ہوتا

بھارت کا سیاسی، اقتصادی اور فوجی اثر زائل ہوتے ہی اتحاد کی خواہش پھر جاگ اٹھے گی۔ ملک غلام جیلانی

بھارت میں فرانس کے تعاون سے زمین اور فضا سے مار کرنے والے میزائل تیار کیے جائیں گے

نوجوان ملی شعور حاصل کرنے کے لیے سنجیدگی سے تحریک پاکستان کا مطالعہ کریں: محمود علی

پاکستان اور بنگلہ دیش کے عوام میں گہری اسلامی اخوت موجود ہے، لندن میں یوم آزادی کی تقریب

مختار دادا کے طیارے کا عملہ پاکستانی ہوگا

صدائے پاکستان

مری نوا سے ہوئے زندہ عارف و عامی!
دیا ہے میں نے انہیں ذوقِ آتش آشامی!
حرم کے پاس کوئی اعجمی ہے زمزمہ سنج
کہ تار تار ہوئے جامہ ہائے احرامی!
حقیقتِ ابدی ہے مقامِ شبیری
بدلتے رہتے ہیں انداز کوفی و شامی
(بالِ جبریل)

بھارت پاک مذاکرات

شملہ سمجھوتے کی پیش رفت کا ایک مرحلہ دونوں ملکوں میں آمدورفت کی بحالی اور مواصلات کے انتظام کی دوبارہ ترتیب تھی اور یہ طے ہو چکا تھا کہ اس سلسلے میں ۱۰ جون ۱۹۷۴ء کو اسلام آباد میں دونوں ملکوں کے افسروں کے مذاکرات ہوں گے لیکن تاریخ مقررہ سے ۲۰ دن پہلے بھارت نے پاکستان کی سرحد کے قریب ایٹمی دھماکہ کر دیا جس نے باہمی مصالحت و مصافحت کی جگہ پاکستان کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا کہ وہ ہمسایہ جو ستائیس برس میں پہلے ہی پاکستان پر تین مرتبہ جارحانہ لشکر کشی کر چکا ہے جس نے پاکستان کے دو حصے کر کے محض اس لیے اطمینان کا سانس لیا کہ اس نے روزِ اول سے ہی پاکستان کو دل سے تسلیم نہیں کیا تھا۔ اب اگر ایٹمی طاقت بھی بن گیا۔ تو اس کی جارحیت سے کیسے عہدہ برآ ہوا جائے گا۔ چنانچہ پاکستان نے ۱۰ جون کے مذاکرات کو نظر انداز کر کے بھارت سے ایٹمی حملہ یا ایٹمی دھمکی سے تحفظ کی ضمانت طلب کی۔

بھارت اس بارے میں پاکستان کو کوئی ٹھوس ضمانت مہیا کرنے میں ناکام رہا ہے۔ البتہ بھارتی وزیر خارجہ سردار سورن سنگھ نے گزشتہ دنوں پارلیمنٹ میں تقریر کرتے ہوئے صرف اتنا کہا ہے کہ بھارت ہر ایک دوسرے ملک کی آزادی و خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام کے اصول پر کاربند رہے گا۔ ظاہر ہے یہ یقین دہانی کافی نہیں اور گزشتہ ربع صدی کے واقعات اس امر کے شاہد ہیں کہ بھارت نے اپنے وعدوں کا کبھی پاس نہیں کیا۔ لہٰذا ہمارے لیے یہ امر ناقابلِ فہم ہے کہ پاکستان نے کس طرح سورن سنگھ کے متذکرہ بیان کو بھارتی ایٹمی حملہ یا ایٹمی دھمکی کے خلاف مؤثر ضمانت پر محمول کر لیا ہے اور آئندہ ماہ آمدورفت اور مواصلات کی بحالی کے لیے بات چیت شروع کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ ہم دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات معمول پر آنے کے خلاف ہرگز نہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کشیدگی کی فضا دور ہو جانے پر جو نئے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں ان پر بھی توجہ دی گئی ہے یا نہیں۔ ان میں دو مسئلے بالخصوص بڑے تدبر کے متقاضی ہیں۔ سب سے پہلا مسئلہ تو پاکستان کی بقا و سالمیت پر آنچ آنے کے امکانات کو ختم کرنے کا ہے دوسرا مسئلہ ان ریشہ دوانیوں سے بچے رہنے کا ہے جو بھارت کے اس عنصر کی طرف سے مسلسل ستائیس برس سے جاری ہیں۔ جس نے نہ صرف یہ کہ پاکستان کو ایک عارضی اور وقتی مجبوری سمجھ کر قبول کیا تھا۔ بلکہ جو اس کے وجود کو کسی طرح گوارا نہیں کرتا۔ اگر ہم ان پیش بندیوں کے ساتھ مذاکرات کو کسی منزل تک لے جائیں۔ اور دو ہمسایہ ملک ایک دوسرے کی سالمیت و آزادی کے دل سے قائل ہوں۔ تو پھر حق ہمسائیگی ادا کر لے گئے، پاکستان سے زیادہ خوشی کس کو ہو گی کہ ہمسایوں اور اچھے ہمسایوں کے طور پر رہیں ان کا رویہ دنیا بھر کی قوموں کے لیے قابلِ رشک رہا ہے!

ہوس نے کر دیا ہے ٹکڑے ٹکڑے نوعِ انساں کو
اخوت کا بیاں ہو جا، محبت کی زباں ہو جا
(اقبال)

معراج کی رات

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس رات کس لیے بلایا گیا تھا؟

از: سید ابوالاعلیٰ مودودی

عام روایت کے مطابق آج (۲۷ رجب) کی رات معراج کی رات ہے۔ یہ معراج کا واقعہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے سب سے زیادہ مشہور واقعات میں سے ہے لیکن یہ جس قدر مشہور ہے اسی قدر افسانوں کی تہیں اس پر چڑھا دی گئی ہیں۔ عام لوگ عجوبہ پسند ہوتے ہیں۔ ان کی عجائب پسندی کے جذبہ کو بس اپنی تسکین کا سامان چاہیے اس لیے معراج کی اصل غرض، اس کی روح، اس کے فائدوں اور نتیجوں کو تو انہوں نے نظر انداز کر دیا اور ساری گفتگو اس پر ہونے لگی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جسم کے ساتھ آسمان پر گئے تھے یا صرف روح گئی تھی۔ براق کیا تھا؟ جنت اور دوزخ کا حال آپ نے کیا دیکھا اور فرشتے کس شکل کے تھے۔ حالانکہ دراصل یہ واقعہ تاریخ انسانی کے ان بڑے واقعات میں سے ہے جنہوں نے زمانے کی رفتار کو بدلا اور تاریخ پر اپنا مستقل اثر چھوڑا ہے اور اس کی حقیقی اہمیت کیفیت معراج میں نہیں بلکہ مقصد اور نتیجۂ معراج میں ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ کرۂ زمین جس پر ہم، آپ رہتے ہیں، خدا کی عظیم الشان سلطنت کا ایک چھوٹا سا صوبہ ہے۔ اس صوبہ میں خدا کی طرف سے جو پیغمبر بھیجے گئے ہیں ان کی حیثیت کچھ اس طرح کی سمجھ لیجیے جیسے دنیا کی حکومتیں اپنے ماتحت ملکوں میں گورنر یا وائسرائے بھیجا کرتی ہیں۔ ایک لحاظ سے دونوں میں بڑا بھاری فرق ہے۔ دنیوی حکومتوں کے گورنر یا وائسرائے محض انتظام ملک کے لیے مقرر کیے جاتے ہیں اور سلطان کائنات کے گورنر اور وائسرائے اس لیے مقرر ہوتے ہیں کہ انسان کو صحیح تہذیب، پاکیزہ اخلاق اور سچے علم و عمل کے وہ اصول بتائیں جو روشنی کے مینارے کی طرح انسانی زندگی کے شاہراہ پر کھڑے ہوئے صدیوں تک سیدھا راستہ دکھاتے رہیں مگر اس فرق کے باوجود دونوں میں ایک طرح کی مشابہت بھی ہے۔ دنیا کی حکومتیں گورنری جیسے ذمہ داری کے منصب ان ہی لوگوں کو دیتی ہیں جو ان کے سب سے زیادہ قابلِ اعتماد آدمی ہوتے ہیں اور جب وہ انہیں اس عہدہ پر مقرر کر دیتی ہیں تو پھر انہیں دیکھنے اور سمجھنے کا موقع دیتی ہیں کہ حکومت کا اندرونی نظام کس طرح، کس پالیسی پر چل رہا ہے اور ان کے سامنے اپنے وہ راز بے نقاب کر دیتی ہیں جو عام رعایا پر ظاہر نہیں کیے جاتے ایسا ہی حال خدا کی سلطنت کا بھی ہے وہاں بھی پیغمبری جیسے ذمہ داری کے منصب پر وہی لوگ مقرر ہوتے ہیں جو سب سے زیادہ قابلِ اعتماد تھے اور جب انہیں اس منصب پر مقرر کر دیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے خود ان کو اپنی سلطنت کے اندرونی نظام کا مشاہدہ کرایا اور ان پر کائنات کے وہ اسرار ظاہر کیے جو عام انسانوں پر ظاہر نہیں کیے جاتے۔

مثال کے طور پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آسمان اور زمین کے ملکوت یعنی اندرونی نظام کا مشاہدہ کرایا گیا اور یہ بھی آنکھوں سے دکھا دیا گیا کہ خدا کس طرح مُردوں کو زندہ کرتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کوہِ طور پر جلوۂ ربانی دکھایا گیا اور ایک خاص بندہ کے ساتھ کچھ مدت تک پھرایا گیا تاکہ اللہ کی مشیت کے تحت دنیا کا انتظام جس طرح ہوتا ہے اس کو دیکھیں اور سمجھیں۔ ایسے ہی کچھ تجربات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی تھے۔ کبھی آپ خدا کے مقرب فرشتے کو افق پر علانیہ دیکھتے ہیں کبھی وہ فرشتہ آپ سے قریب ہوتے ہوتے اس قدر قریب آ جاتا ہے کہ آپ کے اور اس کے درمیان دو کمانوں کے بقدر بلکہ اس سے بھی کچھ کم فاصلہ رہ جاتا ہے۔ کبھی وہی فرشتہ آپ کو سدرۃ المنتہیٰ یعنی عالم مادی کی آخری سرحد پر ملتا ہے اور وہاں آپ خدا کی عظیم الشان نشانیاں دیکھتے ہیں۔

اسی نوعیت کے تجربات میں سے ایک وہ چیز ہے جس کو معراج کہتے ہیں۔ معراج صرف سیر اور مشاہدہ ہی کا نام نہیں ہے بلکہ یہ ایسے موقع پر ہوتی ہے جب کہ پیغمبر کو کسی کارِ خاص پر مقرر کرنے کے لیے بلایا جاتا ہے اور اہم ہدایات دی جاتی ہیں۔ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی معراج ہی تھی جب کہ ان کو وادیٔ سینا میں بلا کر احکامِ عشرہ دیے گئے اور ان کو حکم دیا گیا کہ مصر جا کر فرعون کو منشائے خداوندی کے مطابق نظامِ حکومت میں اصلاح کرنے کی دعوت دو۔ اسی طرح وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معراج تھی جب انہوں نے ساری رات پہاڑ پر گزاری اور پھر اٹھ کر بارہ رسول مقرر کیے اور وہ وعظ کہا جو پہاڑی کے وعظ کے نام سے مشہور ہے۔ ایسا ہی ایک اہم واقعہ وہ تھا جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو طلب کیا گیا۔

یہ وہ وقت تھا جب آپ کو اپنے مشن کی تبلیغ کرتے ہوئے تقریباً بارہ سال گزر چکے تھے۔ حجاز کے اکثر قبائل میں اور قریب کے ملک حبش میں آپ کی آواز پہنچ چکی تھی اور آپ کی تحریک ایک مرحلے سے گزر کر دوسرے مرحلے میں داخل ہونے کو تھی۔ دوسرے مرحلے سے میری مراد یہ ہے کہ اب وقت آ گیا تھا کہ آپ مکہ کی ناموافق سرزمین کو چھوڑ کر مدینہ کی طرف منتقل ہو جائیں جہاں آپ کی کامیابی کے لیے زمین تیار تھی۔ اس دوسرے مرحلے میں آپ کا مشن بہت پھیلنے والا تھا صرف حجاز اور صرف عرب ہی نہیں بلکہ گردوپیش کی دوسری قوموں سے بھی سابقہ پیش آنا تھا اور اسلام کی تحریک ایک اسٹیٹ میں تبدیل ہونے کو تھی اس لیے اس اہم موقع پر آپ کو ایک نیا پروانۂ تقرری اور نئی ہدایات دینے کے لیے بادشاہِ کائنات نے اپنے حضور میں طلب فرمایا۔

اسی پیشی و حضوری کا نام معراج ہے عالمِ بالا کا یہ حیرت انگیز سفر ہجرت سے تقریباً ایک سال پہلے پیش آیا تھا۔ اس سفر کے ضمنی واقعات احادیث میں آئے ہیں مثلاً بیت المقدس پہنچ کر نماز ادا کرنا، آسمان کے مختلف طبقات سے گزرنا، پچھلے زمانے کے پیغمبروں سے ملنا اور پھر آخری منزل پر پہنچنا لیکن قرآن ضمنی چیزوں کو چھوڑ کر ہمیشہ اصل مقصد تک اپنے بیان کو محدود رکھتا ہے اس لیے اس نے کیفیتِ معراج کا کچھ ذکر نہیں کیا بلکہ وہ چیز تفصیل کے ساتھ بیان کی ہے جس کے لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا گیا تھا۔ قرآن کی سترھویں سورت میں آپ کو یہ تفصیل مل سکتی ہے۔ اس کے دو حصے ہیں

ایک حصہ میں مکہ کے لوگوں کو آخری نوٹس دیا گیا کہ اگر تمہاری سختیوں کی وجہ سے خدا کا پیغمبر جلاوطنی پر مجبور ہوا تو مکہ میں تم کو چند سال سے زیادہ رہنے کا موقع نہ مل سکے گا اور بنی اسرائیل کو جن سے عنقریب مدینہ میں پیغمبر سے براہِ راست سابقہ پیش آنا تھا خبردار کیا گیا کہ تم اپنی تاریخ میں دو زبردست ٹھوکریں کھا چکے ہو اب تم کو تیسرا موقع ملنے والا ہے اور یہ آخری موقع ہے۔ دوسرے حصے میں وہ بنیادی اصول بتائے گئے ہیں جن پر انسانی تمدن و اخلاق کی تعمیر ہونی چاہیے۔ یہ چودہ اصول ہیں۔

۱۔ صرف اللہ کی بندگی کی جائے اور اقتدارِ اعلیٰ میں اس کے ساتھ کسی کی شرکت تسلیم نہ کی جائے۔

۲۔ تمدن میں خاندان کی اہمیت ملحوظ رکھی جائے۔ اولاد والدین کی فرمانبردار، خدمت گزار ہو اور رشتہ دار ایک دوسرے کے ہمدرد و مددگار ہوں۔

۳۔ سوسائٹی میں جو لوگ غریب یا معذور ہوں یا اپنے وطن سے باہر مدد کے محتاج ہوں وہ بے وسیلہ نہ چھوڑ دیے جائیں۔

۴۔ دولت کو فضول ضائع نہ کیا جائے جو مالدار اپنے روپے کو برے طریقے سے خرچ کرتے ہیں وہ شیطان کے بھائی ہیں۔

۵۔ لوگ اپنے خرچ کو اعتدال پر رکھیں، نہ بخل کر کے دولت کو روکیں اور نہ فضول خرچی کر کے اپنے لیے اور دوسروں کے لیے مشکلات پیدا کریں۔

۶۔ رزق کی تقسیم کا فطری انتظام جو خدا نے کیا ہے، انسان اس میں اپنے مصنوعی طریقوں سے خلل نہ ڈالے، خدا اپنے انتظام کی مصلحتوں کو زیادہ بہتر جانتا ہے۔

۷۔ معاشی مشکلات کے خوف سے لوگ اپنی نسل کی افزائش نہ روکیں۔ جس طرح موجودہ نسلوں کے رزق کا انتظام خدا نے کیا ہے، آنے والی نسلوں کے لیے بھی وہی انتظام کرے گا۔

۸۔ خواہشِ نفس کو پورا کرنے کے لیے زنا کا راستہ بُرا راستہ ہے۔ لہٰذا نہ صرف زنا سے پرہیز کیا جائے بلکہ اس کے قریب جانے والے اسباب کا دروازہ بھی بند ہونا چاہیے۔

۹۔ انسانی جان کی حرمت خدا نے قائم کی ہے لہٰذا خدا کے مقرر کردہ قانون کے سوا کسی دوسری بنیاد پر آدمی کا خون نہ بہایا جائے نہ کوئی اپنی جان لے نہ دوسرے کی جان لے۔

۱۰۔ یتیموں کے مال کی حفاظت کی جائے جب تک وہ خود اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل نہ ہوں، ان کے حقوق کو ضائع ہونے سے بچایا جائے۔

۱۱۔ عہد و پیمان کو پورا کیا جائے، انسان اپنے معاہدات کے لیے خدا کے سامنے جوابدہ ہے۔

۱۲۔ تجارتی معاملات میں ناپ تول ٹھیک ٹھیک راستی پر ہونی چاہیے۔

۱۳۔ جس چیز کا تمہیں علم نہ ہو اس کی پیروی نہ کرو، وہم اور گمان پر نہ چلو کیونکہ آدمی کو اپنی تمام قوتوں کے متعلق خدا کے سامنے جواب دہی کرنی ہے کہ اس نے انہیں کس طرح استعمال کیا۔

۱۴۔ نخوت اور تکبر کے ساتھ نہ چلو، غرور کی چال سے نہ تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو نہ پہاڑوں سے اونچے ہو سکتے ہو۔

یہ چودہ اصول جو معراج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیے گئے تھے ان کی حیثیت صرف اخلاقی تعلیمات ہی کی نہ تھی بلکہ یہ وہ پروگرام تھا جس پر آپ کو آئندہ سوسائٹی کی تعمیر کرنی تھی۔ یہ ہدایات اس وقت دی گئی تھیں جب آپ کی تحریک عنقریب تبلیغ کے مرحلے سے گزر کر حکومت اور سیاسی اقتدار کے مرحلے میں قدم رکھنے والی تھی لہٰذا یہ گویا ایک طرح کا منشور تھا جس میں یہ بتایا گیا تھا کہ خدا کا پیغمبر ان اصولوں پر تمدن کا نظام قائم کرے گا اسی لیے معراج میں یہ چودہ نکات مقرر کرنے کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے تمام پیروانِ اسلام کے لیے پانچ وقت کی نماز فرض کی تاکہ جو لوگ اس پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اٹھیں ان میں اخلاقی انضباط پیدا ہو اور وہ خدا سے غافل نہ ہونے پائیں۔ ہر روز پانچ مرتبہ ان کے ذہن میں یہ بات تازہ ہوتی رہے کہ وہ خود مختار نہیں ہیں بلکہ ان کا حاکمِ اعلیٰ خدا ہے جس کو انہیں اپنے کام کا حساب دینا ہے۔

حدیثِ نبوی

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم قیامت کے روز دو منہ رکھنے والے (منافق) کو تمام لوگوں میں بدتر پاؤ گے جو ایک گروہ کے پاس ایک چہرہ لے کر آتا ہے اور دوسرے گروہ کے پاس دوسرا چہرہ لے کر جاتا ہے۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے کہا: یا رسول اللہؐ قیامت کب آئے گی؟ فرمایا: تجھ پر افسوس ہے قیامت کے آنے کی تیاری کی ہے؟ اس نے کہا میں نے کوئی تیاری نہیں کی البتہ میں خدا اور خدا کے رسولؐ سے محبت رکھتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا تو اسی کے ساتھ ہے جس سے محبت رکھتا ہے۔ حضرت انسؓ نے کہا اسلام کے بعد میں نے مسلمانوں کو کسی بات سے اتنا خوش ہوتے نہیں دیکھا جتنا آپؐ کے اس ارشاد سے۔ (بخاری و مسلم)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

صدائے پاکستان

پندرہ روزہ

ٹورونٹو، کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔

جلد ۳ — شمارہ ۱۲

افغانستان نے تین بلوچی گوریلوں کو وزیر اعظم بھٹو پر حملہ کے لیے بھیجا تھا

گوریلوں کا سرغنہ نواز شریف خاں تھا اور انہیں کسی بیرونی ملک میں تربیت دی گئی تھی

سازش کا علم ہونے کے باوجود وزیر اعظم نے اپنا پروگرام منسوخ نہیں کیا۔

[illegible]

ٹورانٹو میں "ایسوسی ایشن آف پاکستانی کینیڈینز" ہی نمائندہ جماعت ہے

اتحاد، تنظیم اور عمل سے ہی ہم اپنی معاشرتی اقدار کو قائم رکھ سکیں گے۔

[illegible]




مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی امریکہ سے واپسی پر جماعت کے کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں۔

امریکہ کے سیاہ فام باشندوں میں اسلام بڑی تیزی سے پھیل رہا ہے: مولانا مودودی

کینیڈا اور امریکہ میں مسلمانوں کی تعداد دس لاکھ سے زائد ہو چکی ہے

کالے امریکی مسلمانوں نے جیلوں میں بھی مسجدیں بنا لی ہیں، امریکہ سے واپسی پر بانی جماعت اسلامی کے تاثرات

[illegible]




پاکستان کی طبی جماعت اپنے ترک بھائیوں کی بطریق احسن امداد کر رہی ہے

[illegible]

پرانے اور گہرے مراسم برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی

میری حکومت عالمی امن کے سلسلے میں پاکستان کی کوششوں کی قدر کرتی ہے: وزیر اعظم بھٹو کے نام پیغام

[illegible]



سری لنکا کی وزیر اعظم آئندہ ماہ کے شروع میں پاکستان آئیں گی

وزیر اعظم بھٹو سے بھارت کے ایٹمی دھماکے اور باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوگی

[illegible]